کس نے بنائی ٹماٹر کی چٹنی؟

Author: Kavitha Mandana
Illustrator: Priya Kuriyan
Translator: Ehteshamul Haque

تارا اور روی بازار جا رہے ہیں۔

امی نے کچھ پھل اور سبزیوں کی خریداری کے لیے انہیں ایک پرزہ دیا۔

تارا نے بازار میں لال رسیلے ٹماٹر دیکھے۔
''امی آج ٹماٹر کی چٹنی ضرور بنائیں گی'' وہ بولی۔

سبزی فروش، مونپیا،
ایک ایک چیز تول رہا ہے۔

اور تھیلے میں رکھتا جا رہا ہے:

1 کیلو تازہ لال ٹماٹر

½ کیلو پیاز

½ کیلو آلو

1 ناریل

6 لیموں

* آدھے کو ½ اس طرح لکھا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہوا
کسی چیز کے دو برابر حصوں کا ایک حصہ۔
ایک کیلو کو kg لکھا جاتا ہے۔

تارا اور روی جھومتے گاتے گھر لوٹ رہے ہیں:
''آج ہم کھائیں گے چٹنی،
ٹماٹر کی چٹنی
امی کے ہاتھوں کی بنائی ہوئی مزیدار چٹنی''

اچانک روی تارا سے پوچھتا ہے:
''کیا تمہارے پیروں پر بھی کوئی چیز ٹپک رہی ہے؟''

اووہ! تھیلا تو گیلا ہے۔ شاید! سارے ٹماٹر دب کر چٹنی ہو گئے ہیں۔

''ہماری ٹماٹر کی چٹنی کتنی بھیانک لگ رہی ہے۔
امی کے ہاتھوں جیسی تو بالکل نہیں!''

اگلے ہفتے تارا اور روی نے بڑی ہوشیاری سے کام لیا۔

''وزنی سبزیاں نیچے، ہلکی اور نرم اوپر رکھو''۔ روی بار بار یاد دلاتا رہا۔

اس بار تھیلے میں سبزیاں اس طرح رکھی گئیں:

1 کیلو تربوز

½ کیلو آلو

1 ناریل

½ کیلو انگور

6 کچے کیلے

½ کیلو ٹماٹر سب سے اوپر

لیکن جب وہ گھر پہنچے تو دیکھا کہ اس بار تو
سارے انگور، کچے کیلوں کے درمیان میں دب کر جوس بن چکے ہیں!

''پچھلی بار ہم نے ٹماٹر کی چٹنی بنا دی تھی، اس بار ہم نے انگور کا جوس بنا دیا
ہے۔ پتہ نہیں
اگلی بار ہم کیا کریں گے'': تارا نے اداس لہجے میں کہا۔

اگلی مرتبہ، امی کے پرزے میں سنترے بھی تھے۔

وہ نرم اور ہلکے ہوتے ہیں۔ اس لیے ان کو سب سے اوپر رکھا اور اس کے نیچے ٹماٹر رکھے گئے۔

تارا اور روی اپنا چٹنی والا گانا گاتے ہوئے
جیسے ہی گھر کے لیے روانہ ہوئے،
ان کے دوستوں نے انہیں دیکھ لیا۔

اس وقت انہیں بہت پیاس لگ رہی تھی،
اس لیے وہ سارے سنترے ہضم کر گئے۔

گھر پر امی نے دونوں کو گلے لگایا،
جب انہیں پتہ چلا کہ
سنترے تو ہیں ہی نہیں۔

امی نے ان سے کہا: ''اداس مت ہو بچو!''

اگلے ہفتے تارا اور روی نے بڑی چالاکی سے کام لیا۔

انھوں نے سنتروں کو پودینہ کی پتیوں کے نیچے چھپادیا۔
اس بار ان کے پیاسے دوستوں کی نظر
سنتروں پر نہیں پڑسکی۔

اُس رات امی نے
اپنی مزیدار ٹماٹر کی چٹنی
اور لیموں والا چاول بنایا۔
تارا اور روی نے بڑے مزے سے
رات کا کھانا کھایا۔

سوچیئے! اب انہیں کیا ملا ہوگا؟
ظاہر ہے، میٹھے اور رسیلے سنترے۔

(۱) آپ کی امی آپ کو
اگر سیب، تربوز اور کیلے خریدنے کے لیے دکان بھیجتی ہیں
تو کون سا پھل آپ کبھی نیچے نہیں رکھیں گے؟

(۲) اگر آپ کے بازار کے تھیلے میں ½ کیلو چینی،
½ کیلو چائے پتی اور بسکٹ کے 2 پیکٹ ہیں
تو آپ سب سے اوپر کیا رکھیں گے؟

(۳) روی ایک صبح آدھا درجن انڈے،
½ کیلو پیاز اور ایک پیکٹ بریڈ خریدنے کے لیے
دکان جاتا ہے۔

''انڈے احتیاط سے لانا''، امی آواز لگاتی ہیں۔

بتائیے! دوسرا کون سا سامان
روی کو تھیلے میں نیچے نہیں رکھنا چاہیے؟

Story Attribution:

This story: کس نے بنائی ٹماٹر کی چٹنی؟ is translated by Ehteshamul Haque . The © for this translation lies with Pratham Books, 2021. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Who Made the Tomato Chutney?', by Kavitha Mandana . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Kis Ne Banayee Tamatar Ki Chutney' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org. The development of this book has been supported by Sofina Covid Solidarity Fund.

Images Attributions:

Cover page: Girl and boy walking with a bag of vegetables, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A girl and boy buying tomatoes, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A man selling vegetables, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Children walking with a bag of vegetables, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Girl and boy looking at a basket of tomatoes, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Basket of fruit and vegetables, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: A boy and girl looking at crushed grapes, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Two children eating oranges, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Boy and girl looking, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Mother hugging her children, by Priya Kuriyan © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Sofina Covid Solidarity Fund.

کس نے بنائی ٹماٹر کی چٹنی؟

(Urdu)

خلاصہ: تارا اور روی پھل اور سبزیاں خریدنے کے لیے بازار جاتے ہیں ۔ لیکن ہر بار ایک پھل دب کر خراب ہو جاتا ہے ۔ اس کہانی کا مقصد بچوں کو وزنی اور ہلکی چیزوں میں فرق اور ان کے رکھنے کی ترتیب سمجھانا ہے۔ اس کتاب کی تصویریں گدے کے نیچے دبا کر رکھے گئے کاغذ کے تھیلوں، ٹکڑوں اور پرانے رسالوں کا استعمال کر کے بنائی گئی ہیں۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.